Maulana Azad National Urdu University

M.A. History, I Semester Examination, March 2023

Paper : MAHS102CCT : Medieval India : Political & Administrative Institutions

پرچہ : عہدِ وسطیٰ: سیاسی اور انتظامی ادارے

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) ضیاءالدین برنی کے علاوہ کس دوسرے مصنف نے ''تاریخ فیروز شاہی'' نام سے کتاب لکھی تھی۔

(ii) اکبر کے دور کے مشہور مصنف عبدالقادر بدایونی کی مشہور کتاب کا نام بتائیں۔

(iii) ترکانِ چہلگانی سے کیا مراد ہے؟

(iv) عرضِ ممالک دہلی سلطنت کے کس محکمہ کا ذمہ دار ہوتا تھا۔

(v) شرقی خاندان ہندوستان کے کس علاقے میں حکومت کر رہے تھے۔

(vi) بیرم خاں اکبر کے دور میں کس عہدے پر فائز تھا۔

(vii) نور جہاں 'جنتا' کا نظریہ پر کن مورخین نے اپنی رائے دی ہے۔(کسی دو کے نام لکھیں)

(viii) اورنگ زیب بادشاہ بننے سے پہلے کس صوبہ کا گورنر تھا۔

(ix) دیوان وزارت مغل دور میں کس محکمہ کو کہا جاتا تھا۔

(x) منصب نظام میں 'ذات' منصب سے کیا مراد ہے۔

حصہ دوم

(2) ضیاءالدین برنی کے نظریہ تاریخ پر مختصر نوٹ لکھیں۔

(3) بلبن کے نظریہ شاہی کو بیان کریں۔

(4) اقطاع نظام پر ایک نوٹ لکھیں۔

(5) محمد بن تغلق کے دارالسلطنت کی منتقلی کو بیان کریں۔

(6) دہلی سلطنت کے انتظامیہ پر مختصر نوٹ لکھیں۔

(7) نور جہاں جنتا سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔ مختصر نوٹ لکھیں۔

(8) مغل دور کے انتظامیہ کو بیان کریں۔

(9) مغل دور میں War of Succession کو بیان کریں۔

حصہ سوم

(10) اکبر کے دور پر فارسی ماخذ کے حوالے سے تفصیلی بحث کریں۔

(11) التتمش کو دہلی سلطنت کا اصل بانی سمجھا جاتا ہے۔ تجزیہ کریں۔

(12) اکبر اور اس کے مذہبی نظریہ پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

(13) علاءالدین خلجی کے مارکٹ کنٹرول کو تفصیل سے سمجھائیں۔

(14) مغل ریاست کے زوال پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیں۔

☆☆☆